پی سی بی پیپسی انڈر 16تین روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کےتیسرے راؤنڈ کا پہلا روز مکمل

لاہور، 3دسمبر2019ء:

شالیمار کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں جاری تین روزہ میچ کے پہلے روزبلوچستان کے 129 رنز کے جواب میں ناردرن نے 3وکٹوں کے نقصان پر 114رنزبنالیے ہیں۔ بلوچستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا آغاز کیا توناردرن کے اسپنر محمد حسنین نے عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کیا جس کے نتیجے میں بلوچستان کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 129رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ محمد حسنین نے 5کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔جواب میں ناردرن نے دن کے اختتام پر 41اوورز میں 3وکٹوں کے نقصان پر 114 رنزبنالیے ہیں۔ شمائل حسین 69 اور اسیر مغل 1 اسکور بناکر کریز پر موجود ہیں۔

دوسری جانب اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں جاری تین روزہ میچ میں خیبرپختونخوا نے سندھ کے 163رنز کے جواب میں2 وکٹوں کے نقصان پر103رنز بنالیے ہیں۔ سندھ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا توخیبرپختونخوا کے اسپنر محمد عرفان کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت سندھ کی پوری ٹیم163 رنز بناکرپویلین واپس لوٹ گئی۔ محمد عرفان نے6 وکٹیں حاصل کیں۔جواب میں خیبرپختونخوا نے دن کے اختتام پر2وکٹوں کے نقصان پر 103 رنزبنالیے ہیں۔حسیب خان27 اور عباس علی 12رنزبناکر کریزپر موجود ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk